بڑے موثر مباحث ہیں۔ جن مقامات پر کہانی کا اسلوب پیدا کیا گیا ہے، وہ تعلیمی نقطۂ نظر سے خاصے کامیاب حصے ہیں۔ مقصدیت کا رنگ کہیں بھی اپنی حد سے بڑھ کر پروپگنڈے کی سطح تک نہیں پہنچا۔ کاش کہ پاکستان کے محکمہ ہائے تعلیم ایسی کتابوں کو داخل نصاب کریں۔

عفت | مرتبہ جناب حمیدہ بیگم بی اے۔ ناشر راشد حمید ناظم ادارہ خواتین، اچھرہ، لاہور۔ قیمت ۱۲/

یہ مجموعہ ہائے مضامین کا ایک نیا سلسلہ ہے جو خواتین کی ضروریات کو سامنے رکھ کر مرتب کیا گیا ہے۔ اس کے دو حصے اب تک شائع ہو چکے ہیں۔ پاکستانی خواتین کے لیے اردو میں یوں بھی جو لٹریچر شائع ہو رہا ہے، وہ ضروریات اور تقاضوں کے لحاظ سے ناکافی ہے، لیکن یہ حالات کہ جنہوں نے مسلمان عورت کو دوراہے پر لا کھڑا کر دیا ہے، ان سے عہدہ برآ ہونے کے لیے کوئی قابل ذکر کام نہیں ہو رہا۔ ادارۂ خواتین نے اس خلاء کو محسوس کرتے ہوئے عفت کے نام سے جو سلسلۂ اشاعت شروع کیا ہے اس کا ہم بڑی مسرت کے ساتھ خیر مقدم کرتے ہیں۔ عفت کے پیچھے خالص اسلامی ذہن کام کر رہا ہے، مگر وہ ایسا ذہن نہیں جو وقت کے تقاضوں سے غافل ہو۔ ان مجموعوں میں ایک رسالے کا سا تنوع بھی ہے اور پھر ادبی معیار بھی حوصلہ افزا ہے۔ خصوصاً خواتین کے لکھے ہوئے اپنے جو مضامین نظم و نثر ان میں آئے ہیں ان کو دیکھ کر نئی توقعات پیدا ہوتی ہیں۔ کتابت، طباعت، سرورق بہت خوب!

ہماری دنیا | مرتب: نقی علی و محمد یوسف صاحبان۔ ناشر: ادارۃ الحبیب، ۴۹ مین بازار، اچھرہ، لاہور۔ قیمت چھ آنے

بچوں کے لیے مجموعہ ہائے مضامین کا یہ سلسلہ اپنے دو حصے سامنے لا چکا ہے۔ بچوں کی دنیا بھی ابھی تک اچھے مقصدی لٹریچر کی محتاج ہے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر یہ سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ ان مجموعوں میں معلوماتی، تفریحی اور مقصدی نیز ہر قسم کے اجزاء موجود ہیں اور اصل ذہن اسلامی فکر ہے۔ توقع ہے کہ یہ کوشش قبولیت حاصل کر سکے گی۔ ٹائیٹل تو بہت ہی شاندار ہے۔

مرأۃ المسلم | مرتبہ: حکیم عبدالرحمن ہاشمی۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ جماعت اسلامی، گول چوک سرگودھا۔ قیمت ۱۰/

یہ ایک مختصر مجموعۂ احادیث ہے جسے پڑھ کر ایک عام مسلمان دین برحق کے ناگزیر فکری و اخلاقی تقاضوں کو بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ احادیث صحیح اور مستند لی گئی ہیں اور متن کے ساتھ ساتھ ترجمہ دیا گیا ہے۔ شروع میں علم حدیث کے مبادی اور اقسام احادیث کا اجمالی بیان دیا گیا ہے اور حدیث کے حجت شرعی ہونے پر استدلال کیا گیا ہے